10510- قماربازی سے توبہ

سوال

میں نے بہت زیادہ قماربازی کی اورجوا کھیلا ہے، میں توبہ کیسے کروں ؟

پسندیدہ جواب

آپ کوچاہیے کہ فوری طورپر قماربازی اورجوا ترک کردیں، اوربرے دوست واحباب اوردوکانوں اوربرائی کے آلات سے چھٹکارا حاصل کرتے ہوئے انہیں چھوڑدیں، اوراس کے ساتھ ساتھ جوکچھ ہوچکا اس پرندامت کا اظہار کریں، اورآئندہ کے لیے پختہ عزم کریں کہ اس کام کی طرف پلٹ کربھی نہ دیکھونگا، اورپھر صدقہ وخیرات بھی کریں.

اس کی دلیل مندرجہ ذیل حدیث ہے :

ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جس نے قسم کھاتے ہوئے لات اورعزی کی قسم کھائی، اسے فورا لاالہ الا اللہ کہنا چاہیے، اورجس نے اپنے دوست کوقماربازی اورجوا کھیلنے کی دعوت دی تووہ صدقہ وخیرات کرے"

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

علماء کرام کا کہنا ہے کہ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے برائی کے متعلق بات کرنے پرہی اسے صدقہ کرنے کا حکم دیا ہے، تاکہ وہ برائی میں کی گئی کلام کا کفارہ بن سکے.

اورخطابی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

اس کا معنی یہ ہے کہ : وہ صدقہ بھی اتنا کرے جتنی مقدار کی اس نی قماربازی کرنا تھی.

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

صحیح وہی ہے جس پر محققین حضرات ہیں – اورحدیث کا ظاہر بھی یہی ہے – کہ اس سے مقدار خاص نہیں ہوتی، بلکہ جتنا اس کے پاس میسر ہوسکے وہ صدقہ وخیرات کرے،جس پر صدقہ کا نام بولا جاسکتا ہو، اوراس کی تائید دوسری روایت سے ہوتی ہے جس میں ہے کہ "وہ کچھ صدقہ کردے".